نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

### محکمہ زراعت پنجاب کا کپاس، دھان و دیگر فصلوں کی غیر منظور شدہ اقسام کی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر تشہیر اور فروخت کے بڑھتے ہوئے رجحان کا سختی سے نوٹس۔

### تشہیری مہم میں ملوث عناصر کے خلاف سائبر قوانین کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

**لاہور،16فروری2026:** محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس، دھان و دیگر فصلوں کی غیر منظور شدہ اقسام کی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر تشہیر اور فروخت کے بڑھتے ہوئے رجحان کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے مؤثر کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق غیر فصلوں کی غیر منظور شدہ اقسام کی تشہیر اور خرید و فروخت نہ صرف قانوناً جرم ہے بلکہ یہ فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار کے لیے بھی انتہائی نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے واضح کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر غیر منظور شدہ اقسام کے بیج کی فروخت کا پروپیگنڈا کاشتکاروں کو گمراہ کرنے کے مترادف ہے۔ایسی تشہیری مہم میں ویڈیو / تصویر میں دکھائی جانے والی فصل تلف کر دی جائے گی۔اس ضمن میں تشہیری مہم میں ملوث عناصر کے خلاف سائبر قوانین کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆☆☆☆